يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْۤا اَعْمَالَكُمْ

ترجمان دہلی

پندرہ روزہ

مدیر
ابو الکلام احمد

مولانا محمد داؤد راز مرحوم

موت کا جام تو ہر ایک کو پینا ہے۔ اور شب و روز کی گردشوں میں ہم ایک ایسے گھاٹ کی طرف بڑھے جا رہے ہیں جس پر ہر متنفس کو اترنا ہے۔ لیکن بعض شخصیتیں ایسی ہوتی ہیں جو اپنی موت کے ساتھ ایک تاریخی ورق کو الٹ دیتی ہیں اور ان کی موت پر سینکڑوں یادوں کی بساط لپیٹ دی جاتی ہے۔ مولانا محمد داؤد راز مرحوم ایسی ہی شخصیتوں میں سے ایک تھے جو ابھی چند ایام قبل اس عالم فانی کو چھوڑ کر عالم باقی ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مولانا مرحوم کی علمی اور عوامی انداز کی گراں قدر خدمات تھیں جنہیں وہ اپنے پیچھے چھوڑ گئے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مولانا مرحوم کو بال بال جنت عطا فرمائے۔ آمین۔

(ادارہ)

بدل اشتراک ــــــــــــ ۱۵ روپے

غیر ممالک سے ــــــــــــ ۵ پونڈ یا ۱۰ ڈالر

۱۵ دسمبر ۱۹۸۱ء

ابوالکلام احمد

جزاء کا نظام

دنیاوی زندگی میں انسان خیر یا شر کا مرتکب ہوتا ہے۔ صلاح و فساد کا مبداء [illegible] کی ذات ہے۔ اور اسی اعتبار سے نوع انسانی دو فریق میں بٹ گئی ہے۔ ایک مومنین ہیں اور دوسرے کفار۔ خیر و شر اور بھلے برے کاموں کا ایک ہی شخص یا فریقین سے صادر ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ ایک اور عالم بھی ہے جہاں بھلائی کا اچھا بدلہ نیکو کاروں کو اور برائی کا برا انجام بدکاروں کو ملے گا۔ کیوں کہ اس دنیا میں نیکی کا مکمل بدلہ اور برائی کی پوری سزا ممکن نہیں ہے۔ اسی مفہوم کو اللہ تعالیٰ نے مختلف مقامات میں بیان فرمایا ہے۔

کل نفس ذائقۃ الموت وانما توفون اجورکم یوم القیامۃ فمن زحزح عن النار وادخل الجنۃ فقد فاز وما الحیاۃ الدنیا الا متاع الغرور (آل عمران)

ہر نفس موت کو چکھنے والا ہے۔ اور یہاں تم اپنے بدلے پورے پورے دیے جاؤ گے قیامت کے دن پس جو شخص جہنم سے دور کر دیا گیا اور جنت میں داخل کیا گیا تو کامیاب ہوا اور دنیاوی زندگی نہیں ہے مگر دھوکہ کی پونجی۔

[illegible] موت ہی ممکن ہے جب مرنے کے بعد انسان دوبارہ زندہ کیا جائے اور فرمایا۔

انہ یبدؤ الخلق ثم یعیدہ لیجزی الذین امنوا وعملوا الصلحت بالقسط والذین کفروا لھم شراب من حمیم وعذاب الیم بما کانوا یکفرون (یونس)

یقیناً وہی ہے جو پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر دوبارہ پیدا کرے گا۔ تاکہ ان لوگوں کو بدلہ دے جو ایمان لائے اور جنہوں نے عمل صالح کئے عدل کے ساتھ۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لئے گرم پانی پینا ہے۔ اور دردناک عذاب ہے۔ اس وجہ سے کہ وہ کفر کرتے تھے۔

اعمال کے اسی اختلاف اور ان پر مرتب ہونے والے بدلے کو اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں ذکر کیا ہے۔

ان سعیکم لشتی فاما من اعطی واتقی وصدق بالحسنی فسنیسرہ للیسری واما من بخل واستغنی وکذب بالحسنی فسنیسرہ للعسری وما یغنی عنہ مالہ اذا تردی (سورۃ واللیل)

بیشک تمہاری کوششیں مختلف ہیں تو جس شخص نے (مال) دیا اور ڈرا اور جنت کی تصدیق کی ہم اس کو آسانی کی توفیق دیں گے۔ اور جس نے بخیلی کی اور بے پروا ہوا اور جنت کو جھٹلایا ہم اس کو سختی کیلئے آسانی دیں گے۔ اور اس کا مال اس کو فائدہ نہ دے سکے گا جب ہلاک ہو جائے گا۔

تکالیف شرعیہ سے بھی ایک دوسری زندگی کے وجود پر استدلال کیا گیا ہے جو شخص ان احکام کی صحیح بجا آوری کریگا اس کو بہتر بدلہ ملے گا۔ اور ان کو پس پشت ڈالنے والے کو برے بدلے سے دوچار ہونا پڑے گا۔ یہ اسی وقت ممکن ہے جب انسان ایک دوسری زندگی سے ہمکنار ہو۔ کیوں کہ دنیاوی نظام قدرت سب کے لئے یکساں ہے۔ اسی حقیقت کو اللہ تعالیٰ نے واضح کرتے ہوئے فرمایا۔

الذی خلق الموت والحیوۃ لیبلوکم ایکم احسن عملا وھو العزیز الغفور (ملک)

(اللہ) وہ ہے جس نے موت اور زندگی کو پیدا کیا تاکہ تمہیں آزمائے کہ تم میں سے کون اچھا عمل کرتا ہے۔ اور وہ غالب بخشنے والا ہے اور فرمایا:

افحسبتم انما خلقنکم عبثا وانکم الینا لا ترجعون (مومنون)

کیا تمہارا خیال ہے کہ ہم نے تم کو بیکار پیدا کیا اور تم ہماری طرف لوٹ کر نہیں آؤ گے۔ انسان بیکار پیدا نہیں کیا گیا۔ بلکہ وہ [illegible] مکلف ہے۔

ایحسب الانسان ان یترک سدی (قیامۃ)

کیا انسان گمان کرتا ہے کہ وہ بیکار چھوڑ دیا جائے گا۔

آخرت اور حشر و نشر کے اثبات میں یہ دو دلیلیں ذات سے [illegible] میں قرآن نے ذکر [illegible] کی طرف بار بار متوجہ کیا ہے کہ ان حقائق کو جان لینے کے بعد کوئی بھی شخص آخرت کے انکار کی جسارت نہیں کر سکتا۔

مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کئے جائیں گے۔ اس کے بعد اور بھی شبہات و شکوک مروی ہیں [illegible] بات ہے مردود [illegible] کے ساتھ [illegible] جیسے [illegible] کی ایک [illegible] دنیا میں [illegible] جانوروں کے سبب [illegible] چھوڑے [illegible] دیانت کرتے تھے۔ اب انہوں نے

ابوالکلام احمد

درس قرآن

(تفسیر سورہ فاتحہ)

اسلامی دعوت کے تدریجی پھیلاؤ کے ساتھ [illegible] نام قبول کرتے [illegible] ترقی ہوتی اور [illegible] لوگوں کی پوری ایک جمعیت [illegible] اسلام [illegible] کے بعد [illegible] اسلام میں داخل ہونے [illegible] اذا جاء نصر اللہ والفتح ورایت الناس یدخلون فی دین اللہ افواجا۔

تو جب اللہ کی مدد آئے گی اور آپ دیکھیں گے لوگوں کو داخل ہوتے اللہ کے دین میں فوج در فوج اسی صورت حال میں تمام لوگوں کو [illegible] کے علاوہ نماز کو پورا [illegible] سے [illegible] ہو جاتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں سورۃ فاتحہ پڑھنے کی رخصت عطا [illegible] ایک آدمی آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا انی لا استطیع ان اخذ من القرآن شیئا فعلمنی ما یجزئنی۔ یعنی میں کچھ بھی قرآن یاد نہیں کر پاتا ہوں۔ تو مجھے کچھ تعلیم فرمائیے جو میرے لئے کفایت کر جائے آپ نے [illegible] کہا کہو سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ۔ اس شخص نے عرض کیا یہ کلمات اللہ کی حمد و ثنا ہے اس میں مجھ کو کیا ملے گا۔ آپ نے فرمایا یہ دعا پڑھ لیا کرو۔ اللھم ارحمنی وعافنی واھدنی وارزقنی۔ بہر حال معذوری اور مجبوری کے درجے میں نمازوں کے اندر سورۃ فاتحہ پڑھنے کی رخصت ہے لیکن اس کو یاد کرنے کی جدوجہد فرض ہے۔ یہاں تک کہ موت اس کی زندگی کا خاتمہ کر دے۔ (تفسیر قرطبی)

(سورۃ فاتحہ کا آغاز)

متعدد صحابہ سے مروی ہے۔ کنا لا نعرف انقضاء السورۃ حتی تنزل بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ کا نزول دو سورتوں کے درمیان فصل کرنے کے لئے ہوا اور بعض کا خیال ہے کہ تبرک کیلئے بسم اللہ کو ہر سورہ کے ابتداء میں لکھا گیا ہے۔ البتہ قرآن میں سورۃ براءۃ اور سورۃ انفال کے درمیان بسم اللہ موجود نہیں جس کی وجہ کی تفصیل [illegible] کی جاتی ہے۔

احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بسم اللہ کے ذریعہ ہر کام کی شروعات کی ترغیب دی ہے آپ نے فرمایا کل امر ذی بال لم یبدا فیہ ببسم اللہ الرحمن الرحیم فھو اجذم او ابتر یعنی جو اہم یا شاندار کام بسم اللہ سے شروع نہ کیا جائے وہ ناقص ہو گا اس طرح امت مسلمہ کے ہر ہر فرد پر ضروری ہو گیا کہ وہ کاموں کو انجام دینے سے پہلے اللہ کا نام لیں اس سے طلب برکت و مدد کی تعلیم ہے۔

بسم اللہ کی فضیلت۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا بسم اللہ الرحمن الرحیم کیا ہے آپ نے فرمایا۔ ھو اسم من اسماء اللہ وہ اللہ کے ناموں میں سے ایک نام ہے۔ اور فرمایا کہ بسم اللہ اور اللہ کے اسم اعظم کے درمیان اتنا قرب ہے جتنا آنکھ کی سیاہی اور سفیدی کے درمیان۔ بسم اللہ ہر کام کے آغاز میں ضروری ہے جیسے وضو، کھانا، قضائے حاجت کرنا، بیوی سے مباشرت اسی طرح اپنی ہر تحریر و تقریر کے آغاز میں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم کہنا فرض ہے، غرض یہ کہ مومن کی زندگی کے تمام حرکات و اعمال بسم اللہ کے ساتھ مربوط ہیں۔ اس سلسلہ کی احادیث (ابو ہریرہ اور ابو سعید خدری) سعید بن جبیر سے مروی ہیں جو کتب صحاح ستہ میں موجود ہیں۔

اس کا ان سے دنیا کے سب سے زیادہ قدیم کتبے کا ایک ڈھانچہ دریافت کیا ہے اس کی [illegible] آنکھیں اور سینے کی ہڈیوں کا ایک پنجر ملا ہے سائنس دانوں کا خیال ہے کہ [illegible] کتبے کا [illegible] کروڑ سال پرانا ہے۔ [illegible] کا کہنا تھا کہ جب ہم مرنے کے بعد سڑ گل جائیں گے اور ہمارا وجود خاک ہو جائے گا تو اس وقت ہم کس طرح دوبارہ زندہ کئے جائیں گے۔ ان کا یہ خیال صرف عقل کی کسوٹی پر بھی ثابت نہیں۔ کیوں کہ جس ذات نے بغیر کسی مثال اور نمونہ کے ہمیں پیدا کیا وہ دوبارہ زندہ کرنے پر کیوں قادر نہیں ہو سکتا جبکہ یہی دائمی ہے کہ اعادہ آسان ہے اس خیال کی تردید جدید انکشافات سے بھی ہوتی ہے جیسا کہ [illegible] کے واقعہ سے معلوم ہوا قطع نظر اس سے کہ اس واقعہ میں کس حد تک صداقت ہے ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث یاد آتی ہے جس میں آپ نے فرمایا و لیس من الانسان شی الا یبلی الا عظما واحدا وھو عجب الذنب ومنہ یرکب الخلق یوم القیامۃ

ترجمہ: اور انسان کے جسم کا ہر حصہ سڑ گل

باقی ص [illegible] پر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پندرہ روزہ ترجمان دہلی

ایڈیٹر پرتاپ کی مسلم آزاری

آج کل دہلی کے در و دیوار اور گھروں میں متعدد اشتہارات ایسے آویزاں نظر آ رہے ہیں جن میں کچھ اس طرح کے فقرے تحریر ہیں کہ گستاخ ایڈیٹر کو گرفتار کرو۔ دریدہ دہن گستاخ ایڈیٹر پرتاپ کو فلاں صاحب کی قیادت میں اور جمعہ ۵ر دسمبر کو متعدد مسلمان رہنماؤں کی قیادت میں ایک جلوس بھی نکالا گیا جو تقریباً ۵۰ ہزار افراد پر مشتمل تھا۔ یہ جلوس جامع مسجد دہلی سے چل کر بوٹ کلب پہنچا جہاں امام جامع مسجد سید عبداللہ بخاری کی ایک پر جوش تقریر ہوئی۔ اس جلوس کا مقصد احتجاج تھا اس مضمون کے خلاف جس میں ایڈیٹر پرتاپ نے خدا وند پاک اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کی تھی۔ اس مضمون کا عنوان "مسلم سماج میں عورت کی حیثیت" تھا پورے اداریہ میں اسلامی نظام کا مذاق اڑانے کی کوشش کرتے ہوئے ایڈیٹر نے لکھا مسلم سماج حضرت محمد کا قائم کیا ہوا تھا اور حضرت کو اللہ تعالیٰ نے خاص طور پر جنتی کے دن فرصت میں گھڑا تھا۔ یہ جملہ جس میں اس نے نہ صرف محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا مذاق اڑایا ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی شان میں بھی گستاخی کی ہے، مسلمانوں کے جذبات کو سخت مجروح کرنے والا جملہ ہے۔ اسی بنیاد پر مسلمانوں میں غیظ و غضب کی لہر پیدا ہوئی اور یہ غیظ و غضب اب تک ان میں موجود ہے۔ پرتاپ کا بائیکاٹ بھی مسلمانوں کی طرف سے ہوا ہے۔

اس اداریہ میں ایڈیٹر نے ایک مسلمان عورت کا تذکرہ کیا ہے جس کے شوہر کا چال چلن اچھا نہیں تھا اور وہ اپنی بیوی کو دبا کر رکھنا چاہتا تھا۔ عورت بعد میں ہندو ہو گئی۔ اور اس نے اپنی تمام کہانی ایڈیٹر پرتاپ کو سنائی۔ مجھے اس پوری تحریر کو پڑھنے کے بعد ایک مناظرہ آج سے ۴۰، ۵۰ سال قبل کا یاد آیا جس میں مولانا امرتسری کے بالمقابل چند پادری تھے اور پنڈت حضرات سے مناظرہ میں خاص موضوع طلاق کا مسئلہ تھا مولانا امرتسری نے جلال میں آ کر فرمایا تم طلاق کے مسئلہ کو جس نقطۂ نظر سے دیکھ رہے ہو وہ ہمیں جلنا پڑے گا۔ وہ دن دور نہیں جب عیسائیوں کی طرح تم بھی طلاق کو قانون کی راہ سے اپناؤ گے چنانچہ ان کی پیشگوئی صحیح ثابت ہوئی۔ اور ہندوؤں کو بھی طلاق کی قانونی حیثیت کو ماننے کے لئے مجبور ہونا پڑا۔

ایڈیٹر پرتاپ کے بارے میں انہی کالموں میں پہلے بھی عرض کیا جا چکا ہے کہ اس کو مسلمانوں کے مسائل نے پریشان کر رکھا ہے اور گویا اس کا اپنا پیدائشی فرض ہے کہ مسلمانوں کے بارہ میں کچھ نہ کچھ لکھتا رہے۔ فرض کیجئے ایک مسلمان مرد ایسے راہ زنی ہو کر اس کی بیوی طلاق پانے کے لئے انتقامی کارروائی کے طور پر ہندو ہو گئی یا کسی ہندو سے شادی کر لیا۔ تو کیا یہ کوئی انجوبہ ہے جس کی تشہیر ضروری تھی اور مسلم سماج کی قدروں کو اسی ایک واقعہ کے معیار سے جانچنا کب ملاکا گیا ہے۔ مجھے تو یقین ہے کہ ایڈیٹر پرتاپ نے یہ واقعہ گھڑا ہے۔ حقیقت سے اس واقعہ کا تعلق نہیں معلوم ہوتا۔ لیکن میرے سامنے بہتیری ایسی مثالیں موجود ہیں کہ ہندو عورت نے اپنی کامیاب جنسی تسکین کے لئے مسلمان سے شادی کی ہے۔ اور پرتاپ کا ایڈیٹر ایک روزنامہ کا ایڈیٹر ہے کیا اسے نہیں معلوم کہ ہندو سماج میں خود سوزی، خودکشی کے کیسے واقعات ہوتے ہیں بلیدان کے نام پر کتنے انسانوں کا خون ہوتا ہے۔ جہیز کے لئے کتنی ہندو عورتیں زندہ جلا دی جاتی ہیں کیا اس کا ایک جائزہ ایڈیٹر پرتاپ کی جہالت کو دور کرنے کے لئے دیا جاتا ہے۔

دہلی میں اپنے ہندو بھائیوں کے خون سے ہولی نہیں کھیلی گئی اور مسلسل اس طرح کے واقعات وجود میں آتے رہتے ہیں کیا ان کی بنیاد پر ہندو سماج یا دھرم کی تنقیص و توہین کی جائے۔ مجھے چند ماہ پیشتر کی ایک خبر یاد آتی ہے جو کہ پرتاپ میں شائع ہوئی تھی۔ اس میں بتایا گیا تھا کہ عرب ملکوں میں عورتوں کا قتل ہو رہا ہے۔ اگر کسی عورت نے کسی دوسرے مرد سے بات چیت کر لی تو بھی وہ قتل کر دی جاتی ہے۔ ہمارے ملک کا پرتاپ جیسا کچھ سے اس کی اصلاح کے بجائے عرب ملکوں کی اصلاح کے چکر میں پڑنا حماقت کے سوا کچھ نہیں۔ یا تو اس نے یہ خبر کا مقصد عرب حکمرانوں کو خواہ مخواہ بدنام کرنا ہے اور میں پورے وثوق کے ساتھ کہتا ہوں کہ اس طرح کے واقعات مسلم ممالک میں نہیں ہوتے۔ ہاں اگر کسی عورت سے زنا سرزد ہو جائے تو بیشک اسے سنگسار کیا جاتا ہے جو ایک اسلامی حکم ہے اور میرا چیلنج ہے کہ سماج کو اس طرح کے برائیوں سے پاک کرنے کا یہ حد درجہ مؤثر ہے۔ ہندوستان میں عورتوں کی ایک شکایت ہے اس طرح کی خبر ہی اچھی شمار کی جاتی رہی۔ ایڈیٹر پرتاپ کو اپنے ملک کی خبر لینی چاہئے جہاں ہر روز اس طرح کی خبریں آتی رہتی ہیں۔ [illegible] وجہ غیرت ہے۔ [illegible] ہندوستانی عورتیں بدکاری جیسے پاپ کا ارتکاب کریں تو اس میں کوئی حرج نہیں اگر سماج ایسا ہے تو یہ صورت حال اور خیال اسے مبارک ہو۔ اسلام میں زنا کو قتل سے بھی زیادہ گھناؤنا جرم قرار دیا گیا ہے جبکہ کوئی شخص کسی کو قتل کر دے تو مقتول کے ورثہ کو قصاص، دیت اور عفو کا اختیار دیا گیا ہے لیکن زنا میں ثبوت کے بعد صرف رجم کرنا باقی ہے۔

میں یہاں ان عجیب و غریب حقائق کو دہرانا نہیں چاہتا جو جنسی خواہشات کی تسکین کے سلسلہ میں بے راہ روی کی شکل میں ہندو دھرم کی تعلیم میں ہیں۔ جو لوگ اخبارات دیکھتے ہیں ان کی نظروں سے بعض مشہور لیڈروں کا وہ بیان ضرور گزرا ہوگا جس میں ہندو مذہب کے تعلق سے اس بات کا ذکر موجود تھا کہ کوئی باپ اپنی جنسی تسکین حقیقی بیٹی یا اسی طرح کی عورتوں کے ساتھ کس نقطہ نظر سے کر سکتا ہے۔ بہر حال ہندوستانی سماج خواہ اس کا تعلق مسلمانوں سے ہو یا ہندوؤں سے یا کسی اور سے اس میں گھناؤنے واقعات ہوتے ہیں یہ تمام ہندوستانیوں کے لئے باعث شرم اور ان کا مرکز زحمت ہیں۔ اس میں کوئی ایسی تفریق کرنی جس طرح کی تفریق ایڈیٹر پرتاپ نے کی ہے باہمی نفرت و عداوت کو جنم دینے کا باعث ہے اس سے احتراز کرنا چاہئے۔ ایڈیٹر پرتاپ کی دریدہ دہنی کا جواب تو یہ ہو سکتا ہے کہ مسلمان اس کے پرچہ کا مکمل بائیکاٹ کر دیں اور اگر ممکن ہو تو عدالتی چارہ جوئی کے ذریعہ اس فرقہ وارانہ منافرت پھیلانے والے منحوس ایڈیٹر کے قلم پر قدغن لگانے کی کوشش کریں۔ ویسے میں سمجھتا ہوں کہ پرتاپ کا ایڈیٹر اپنی فطرت سے باز نہیں آ سکتا۔ اور مسلم آزاری کے بغیر اسے چین میسر ہو سکتا ہے نہ سکون، تبھی اس کی اخباری دکان ہری بھری رہ سکتی ہے۔ اور کتے کی دم ٹیڑھی کی ٹیڑھی ہی رہے گی۔

ہمارا مذہب اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ کسی دوسرے مذہب کی توہین و تنقیص کی جائے یا کسی دھرم کے مذہبی رہنماؤں کے بارے میں جرح کیا جائے۔ ورنہ پرتاپ کے ایڈیٹر کو بتایا جاتا کہ تمہارے ایشور جگتوں کا آپس میں کیا عالم رہا ہے؟ اور خود ہندو سماج آج کس طرف جا رہا ہے کہاں جا رہا ہے۔

محمد عابد سائیکل ڈیلر

[illegible] ہر قسم کی سائیکلیں اور سائیکل پارٹس نہایت مناسب داموں پر دستیاب ہیں [illegible]

[illegible]

[illegible]

پتہ: [illegible] پوسٹ [illegible]

تقویٰ نہ کہ شوروغل

مولانا وحید الدین خاں

قرآن میں [illegible] مسجد حرام کے [illegible] لوگ [illegible] متقی ہیں [illegible] مشرکین [illegible] الانفال ۳۴-۳۵ [illegible]

[illegible] مشرکین [illegible] اس [illegible] اصل عبادت [illegible] جب کہ آج [illegible] قرآن نے مشرکین کے [illegible] اور سیٹی [illegible] جنھوں نے [illegible] عبادت [illegible] تقویٰ [illegible]

[illegible]

[illegible] دیکھ کر ایک درد مند شخص کہہ اٹھا تھا۔ [illegible] اسلام سمجھ لیا ہے۔

پامال کرنے کھونا پڑتا ہے۔

طبرانی نے کعب بن عجرہ سے روایت کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ایک روز میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا تو میں نے دیکھا کہ آپ کا چہرہ متغیر ہے۔ میں نے کہا: میرے ماں باپ آپ پر قربان، آپ کو اس حال میں دیکھ رہا ہوں۔ آپ نے فرمایا: میرے پیٹ میں تین دن سے کوئی چیز داخل نہیں ہوئی جو کسی جگر والے کے پیٹ میں داخل ہوتی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نکلا تو میں نے دیکھا کہ ایک یہودی اپنے اونٹ کو پانی پلا رہا ہے۔ میں نے اس کی مزدوری کی اور ایک ڈول پر ایک کھجور [illegible] کھجوریں لے کر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا۔ آپ نے پوچھا: من این لک یا کعب (اے کعب یہ کھجوریں تم کو کہاں سے ملیں)۔ میں نے پورا قصہ بیان کیا۔ آپ نے فرمایا: اے کعب کیا تم مجھ سے محبت رکھتے ہو۔ میں نے کہا: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہاں۔ آپ نے فرمایا: وہ بندہ جو اللہ اور رسول سے محبت کرتا ہے تو فتنہ اس کی طرف اس سے بھی زیادہ تیزی سے آتا ہے جیسے سیلاب اپنے بہاؤ کی طرف (اَسرع الی من یحب اللہ ورسولہ [illegible] الیہ من [illegible] علی وجہہ)

دنیوی مصلحتیں رکاوٹ بن جاتی ہیں۔

[illegible] کا عیسائی [illegible] کے [illegible] مدینہ آیا [illegible] ان [illegible] ابوحارثہ [illegible] پادری [illegible] ان [illegible] العلم [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] تھا۔ [illegible] پادری نے جواب دیا [illegible] اللہ [illegible] جانتے ہیں [illegible] بشارت [illegible] عطر [illegible]

کا اقرار کیوں نہیں کرتے۔ پادری نے کہا:

لولا ما صنع بنا هولاء القوم شرفونا وموّلونا واکرمونا وقد ابوا الا خلافه فلو فعلت نزعوا منا کل ما تری (ابن اسحاق بحوالہ البدایۃ والنہایۃ)

مجھ کو یہ بادشاہ جو مال دیتے ہیں اور ہماری عزت کرتے ہیں۔ اگر میں محمد کو مان لوں تو یہ ساری چیزیں وہ ہم سے چھین لیں گے۔

قربانی سے آگے بڑھ کر قربانی دینا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] کے ساتھ بدر کے لئے نکلے۔ روحاء پہنچ کر آپ نے قیام کیا اور لوگوں کے سامنے [illegible] آپ نے پوچھا: کیف ترون [illegible] سے پہلے حضرت ابوبکرؓ نے [illegible] نے التفات نہیں فرمایا [illegible] دوبارہ فرمایا [illegible] عمرؓ اٹھے مگر آپ نے التفات نہیں فرمایا اور پھر کہا "تمہاری کیا رائے ہے"۔ اب سعد بن معاذ انصاری اٹھے۔ انہوں نے کہا:

واللہ لکاننا تریدنا یا رسول اللہ فقال: اجل

خدا کی قسم شاید آپ کا اشارہ ہماری طرف ہے اے خدا کے رسول۔ آپ نے فرمایا "ہاں"۔ اصل یہ ہے کہ انصار نے آپ سے بیعت [illegible] کی تھی جس کا مطلب یہ تھا کہ وہ مدینہ میں آپ کی حفاظت کریں گے۔ مگر [illegible] جا کر دشمن [illegible] بیعت میں شامل نہ تھا۔ اس لئے ان سے پوچھنا ضروری تھا۔ مقداد بن عمروؓ نے کہا:

انا لا نقول لک یا رسول اللہ کما قال قوم موسیٰ لموسیٰ علیہ السلام اذهب انت وربک فقاتلا انا ههنا قاعدون (البدایۃ والنہایۃ)

اس وقت ہم آپ کو اس طرح نہیں کہیں گے جیسا کہ موسیٰ کی قوم نے موسیٰ سے کہا تھا کہ تم اور تمہارا رب جاکر لڑو ہم تو یہاں بیٹھے رہیں گے۔

سعد بن معاذؓ نے کہا: ہم آپ سے عہد کر چکے ہیں کہ ہم آپ کی سنیں گے اور آپ کی اطاعت کریں گے۔ اے خدا کے رسول، اپ جس چیز کا بھی آپ کا ارادہ ہو اس کی طرف آپ بڑھئے۔ ہم اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق دے کر بھیجا ہے اگر آپ ہم کو حکم دیں کہ ہم اپنی سواریاں سمندر میں گھسا دیں تو ہم ان کو سمندر میں گھسا دیں گے۔ اگر آپ حکم دیں کہ ہم اپنی اونٹنیاں [illegible] کر برک غماد (یمن) تک لے جاتے ہوئے ان کو تھکا دیں تو ہم ایسا ضرور کریں گے، ہمارا ایک آدمی بھی پیچھے نہ ہٹے گا۔ راوی کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انصار کی اس تقریر سے بہت خوش ہوئے اور فرمایا چلو اللہ نے تمہارے لئے فتح ونصرت کا فیصلہ کر دیا ہے۔

زندگی اس کے لئے ہے جو موت سے نڈر ہو جائے۔

خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیقؓ نے ایک بار اسلامی سپہ سالار حضرت خالد بن ولیدؓ کو نصیحت کرتے ہوئے کہا: اے خالد موت کے شیدائی بن جاؤ تم کو زندگی مل جائے گی۔ (یا خالد احرص علی الموت توهب لک الحیاۃ)

وہ چیز جو آدمی کے اندر گہری تبدیلی پیدا کرے۔

ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے ابوہریرہ، پرہیزگار بنو تم سب سے زیادہ عبادت گزار بن جاؤ گے۔ قانع بنو تم سب سے زیادہ شکر کرنے والے بن جاؤ گے۔ اور لوگوں کے لئے وہی پسند کرو جو تم اپنے لئے پسند کرتے ہو تم ایمان والے ہو جاؤ گے۔ اپنے پڑوسی کے ساتھ بہتر پڑوسی بن کر رہو تم اسلام والے ہو جاؤ گے۔ اور ہنسی کم کرو کیونکہ زیادہ ہنسنا دل کو مردہ کرتا ہے۔

یا اباهریرۃ کن ورعا تکن اعبد الناس، واحب للناس ما تحب لنفسک تکن مؤمنا واحسن جوار من جاورک تکن مسلما، واقل الضحک فان کثرۃ الضحک تمیت القلوب (ابن ماجہ)

توبہ نام ہے اپنے کئے پر پچھتانے کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا التوبۃ الندم یعنی توبہ یہ ہے کہ آدمی نے جو کچھ کیا ہے اس پر اس کو شرمندگی ہو۔

••

جھوٹ ہر برائی کی جڑ ہے

اَصَحُّ الکُتُب

بعد کتاب اللہ البخاری

علامہ احسان الٰہی ظہیر کی زیر ادارت شائع ہونے والا رفیع علمی رسالہ ترجمان الحدیث کا یہ مضمون [illegible] کے شکریہ کے ساتھ پیش [illegible] ادارہ

ماہرین فن حدیث نے جانچ پڑتال کے بعد کتب حدیث کے متعلق جو تحریر فرمایا ہے ناظرین کرام کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کی جا رہی ہے تاکہ جہاں تک بھی ہو سکے قارئین حاصل کر سکیں۔ [illegible] محدثین خصوصاً کتب الحدیث کا لکھنے کا بھی [illegible] پوچھا جاتا ہے۔

امام فن حدیث حضرت نسائی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

واقف المسند البخاری جیدہ

یعنی نسائی فرماتے ہیں کہ ان احادیث میں وہ سب کی سب صحیح ہیں۔

امام فن حدیث حضرت علامہ ابو داؤد اپنے رسالہ میں تحریر کرتے ہیں۔

[illegible] حضرت [illegible] فی کتب الحدیث اجتمع الناس علی تواترہ

یعنی میں نے سنن ابو داؤد میں [illegible] حدیث درج نہیں کی جب تک [illegible] تمام علماء حدیث کا اتفاق ہو۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں:

عرضت ھذا الکتاب علی علماء الحجاز والعراق وخراسان فرضوا بہ ومن کان فی بیتہ ھذا الکتاب فکانما فی بیتہ نبی یتکلم [illegible]

یعنی میں نے سنن ترمذی کو حجاز، عراق اور خراسان کے علماء حدیث پر پیش کیا تو سب نے اس کو پسند کیا، اور جس گھر میں سنن ترمذی موجود ہو گی تو اس گھر میں نبی علیہ السلام گفتگو فرماتے ہیں۔

جہاں تک کتب احادیث صحیحہ کا تعلق ہے امام مسلم علیہ الرحمۃ [illegible] بخاری شریف کے [illegible] حدیث لب کشائی [illegible] کی وجہ سے صحیح بخاری کے متعلق [illegible] تفصیل سے [illegible] امام بخاری کے استاد [illegible]

فی الحدیث والفقہ امام [illegible] نے اپنے شاگرد [illegible]

[illegible] کتاب [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم

یعنی [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت [illegible] کتاب [illegible]

امام بخاری نے احادیث کے [illegible] پر [illegible] صحیح [illegible] احادیث [illegible] الصحیح البخاری [illegible]

امام [illegible] نے اپنے استاد کے [illegible]

الحدیث فی صحیح الجامع [illegible]

یعنی [illegible] کی [illegible] اس کے متعلق [illegible] فرماتے ہیں

صنفت ھذا الکتاب [illegible] وما ادخلت فیہ حدیثا حتی [illegible] [illegible] ثم صلیت رکعتین [illegible]

یعنی میں نے اپنی کتاب صحیح بخاری [illegible] میں تصنیف کی ہے [illegible] حدیث [illegible] نقل [illegible] اس کی صحت [illegible] اس کا نام الجامع المسند الصحیح المختصر من امور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وسننہ وایامہ رکھا

مزید تفصیل کے لئے مقدمہ فتح الباری ملاحظہ فرمائیے۔

اکثر و بیشتر علماء سلف الٰہی حدیث کے ماہرین [illegible] میں سے بعض کا فیصلہ صحیح بخاری کے متعلق ملاحظہ فرمائیے۔

[illegible] رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

اجود [illegible] الکتب [illegible]

[illegible]

[illegible] الصحیح [illegible]

[illegible]

لکن [illegible] متفق علیہ [illegible] عن [illegible]

[illegible] فی الصحیح [illegible]

[illegible]

وشد [illegible]

واصلح [illegible]

[illegible]

امام بخاری [illegible] مسلم [illegible]

[illegible] امام مسلم [illegible] روایات میں [illegible]

ھیں۔

ما الفق [illegible] البخاری [illegible] فی قبیل ما یقطع بصحتہ لتلقی الامۃ کل واحد من کتابیھما بالقبول [illegible] ابن صلاح۔

یعنی امام بخاری جن روایات میں منفرد ہیں یا امام مسلم جن روایات میں منفرد ہیں وہ احادیث بھی قطعی الصحت ہیں۔ اس کے [illegible]

[illegible] کتاب کو [illegible]

[illegible]

[illegible]

امام [illegible] فرماتے ہیں

[illegible] الاصح [illegible]

[illegible] احادیث [illegible]

شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں:

فاعلم ان [illegible] [illegible] البخاری [illegible] سائر الکتب المصنفۃ [illegible] الکتب بعد کتاب اللہ صحیح البخاری [illegible]

(مقدمہ)

باقی صفحہ [illegible] پر

علامہ ابن قتیبہ

ابوالکلام احمد

ابن قتیبہ فرماتے ہیں رات کی تاریکی میں لیبا اوقات قافلے صحیح راہ گم کر جاتے ہیں۔ اتفاقاً صحرا اور بیابان میں کسی قافلے کا ایسی صورت حال سے دو چار ہونا کس قدر مایوس کن ہوگا۔ یاس و ناامیدی کا انہیں حالت کے قریب پہنچا دیتا ہے یہیں اس وقت کوئی ستارہ طلوع ہوتا ہے جسے دیکھ کر قافلہ اپنا صحیح سمت سفر متعین کرتا ہے اور اپنی منزل مقصود کو پہنچ جاتا ہے۔ اسی طرح کے ایک واقعے کے سلسلے میں ابن اعرابی کا شعر ہے۔ تعلن بالفرقد ... الراکب بالفقر فرقد ستارے کو دیکھ کر اعرابی قافلہ کسی کی صدا میں ... جیسے ... الاسرا لبیک کہہ کر ... ہے۔

اس شعر میں ایک اعرابی قافلہ کا ذکر ہے جو صحیح راستے سے بھٹک گیا تھا۔ اور حیرت و اضطراب میں ہلاکت کے قریب پہنچ گیا تھا کہ ہی ایک فرقد ستارہ طلوع ہوا جس سے ان کو اپنا صحیح سمت سفر معلوم ہوگیا۔ ابن قتیبہ نے صحرائی لوگوں کے علم نجوم کو تجربہ اور مشاہدہ کے زیادہ موافق پایا۔ اور اس حیثیت سے بھی فلاسفہ کی خیالی ... عرب میں جو عربوں میں نجوم کا سب سے زیادہ ... جو طلب اور جو ... ہیں۔ جو ... میں بھی اس کی ایک ... کہ نجوم کا زیادہ ... ماہر ... سمجھتے ہیں۔ اسی طرح ... ہیں ... ایک سرگزشت بیان فرماتے ہیں کہ کسی رات کو صحرا کے ... میں ایک ... کا میل ساتھ ہوگیا ہیں ... عرب لوگوں کا گروہ ... ستاروں کے ... گرد ... کو ... دیکھتے ... بتایا لیا اوقات ستارے کو دیکھا اس کا نام بھی بتا اور ... کہ ... رکھ ... کبھی کہتا ... فلاں ستارے کی طرف کرو تاکہ تم ... سکو تو ہم نے دیکھا کہ ستارے لوگوں کو انکی منزل مقصود پر پہنچانے میں رہنمائی کرتے ہیں جس طرح ٹھیک سڑکوں کے نشانات چلنے والوں کو رہنمائی دیتے ہیں عربوں کو علم نجوم کی اس لئے بھی ضرورت تھی کہ وہ بارش اور سبزیوں کی پیدا گی کا وقت معلوم کرتے اور ... آپ ... کیا جیتے ... اور ... طرح کے مقامات پر سال کا ایک ... ساحت گزار دیتے۔ اس کے علاوہ ... کے اوقات معلوم کئے جاتے اور دودھ ... پانی کی قلت اور کثرت ... زیادہ ... مویشی ... اس ... جن ... اوقات جاننے کے لئے ان کا انحصار ستاروں کے طلوع اور غروب ہی پر تھا۔ کبھی کبھی ایسے حالات بھی پیدا ہو جاتے ہیں جنہیں شہروں اور قصبات وغیرہ کے رہنے والے لوگوں کو بھی ستاروں کے ذریعہ رہنمائی حاصل کرنے کی ضرورت ہو جاتی ہے جیسے خشک سالی یا ہریالی بارش کی آمد آمد برسانے والی پہلی بارش جیسے پانی سے بوجھل ہواؤں کی علامتیں اور سورج کے طلوع و غروب زوال فجر کاذب فجر صادق شفقین کے وقتوں کو اور سمت قبلہ کو جاننے کے لئے انکا اعتماد ستاروں پر تھا۔ ابن قتیبہ فرماتے ہیں میں نے اپنی اس تصنیف کتاب الانواء میں فن نجوم کے نادر اور معرکۃ الآرا مسائل بیان کئے ہیں جنہیں بعض نے ضائع اور بعض میں نے اپنے اعتماد کی بنیاد اس میں ہے بعض کو میں نے اشعار عرب سے مستخرج کیا ہے۔ اور جہاں کسی شاعر کا مطلب مجھے معلوم ہوا میں نے اس پر مواخذہ کیا ہے۔ پھر بھی میں اپنے کو خطا اور لغزش سے محفوظ نہیں سمجھتا۔ اور ہر جگہ کبھی کا و فوق کل ذی علم علیم ہر علم والے سے بڑھ کر کوئی دوسرا عالم ہوا کرتا ہے۔ ابن قتیبہ کتاب الانواء میں اپنی بعض تصنیفات کا ذکر کیا ہے۔ مثلاً ماان مفاتحہ لتنوء بالعصبۃ اور الاقوۃ کے تحت ابو عبیدہ کی ایک رائے کا رد کرتے ہوئے فرماتے ہیں ... قد بینت فساده فی کتابی المولف فی تاویل مشکل القرآن یعنی میں نے اس رائے کی غلطی کو اپنی تالیف تاویل مشکل القرآن میں واضح کردی ہے اس کے علاوہ انکی تالیف کتاب الخیل ... اور کتاب الوحوش کا حوالہ بھی کتاب الانواء میں موجود ہے۔

۱۱ کتاب فضل العرب والتنبیہ علی علومہا علامہ ابن قتیبہ نے اپنی اس تالیف کا ذکر کتاب الشعر والشعراء اور عیون الاخبار میں کیا ہے۔ اور اس سے کچھ اقتباس شعر کی تعریف کرتے ہوئے دیا ہے۔ کتاب فضل العرب کا ایک حصہ محمد کرد علی کا مرتب کردہ کتاب رسائل البلغاء میں چھپ چکا ہے۔

۱۲ کتاب المیسر والقداح اس کا ذکر ابن قتیبہ کی کتاب اصلاح الغلط میں موجود ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں وقد ذکرت عنہ فی کتاب المیسر ... هذا الشرح ... هذا الکتاب الا تجاوز ... مقدار ما ذکرنا ... اثرت ان تعرف المیسر وکیفیۃ ... ما ذکرتہ فی هذا ... الکلام ... بوضوح تعرف فی ذالک ... انشاء اللہ

ترجمہ۔ میں نے اس کا ذکر زیادہ تفصیل کیا ہے کتاب المیسر میں کیا ہے۔ اگر آپ جوا اور اس کی کیفیات تفصیل کے ساتھ جاننا چاہو تو میری اس کتاب کا مطالعہ کرو۔ یہ کتاب ۱۳۴۳ھ میں ... مصر میں طبع ہو چکی ہے

بقیہ اصح الکتب

یعنی پس تو جان کہ جمہور محدثین کے نزدیک یہ بات قرار پا چکی ہے کہ تمام کتب مصنفہ پر صحیح بخاری مقدم ہے اور جمہور محدثین نے یہاں تک کہا ہے کہ قرآن حکیم کے بعد سب سے زیادہ صحیح کتاب صحیح بخاری ہے۔

حضرت مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی فرماتے ہیں:۔

اما الصحیحان فقد اتفق المحدثون علی ان جمیع ما فیهما من المتصل المرفوع صحیح بالقطع وانهما متواتران الی مصنفیهما وانه کل من یهون امرهما فهو مبتدع متبع غیر سبیل المؤمنین (حجۃ اللہ)

یعنی علمائے محدثین نے اس امر پر اتفاق کیا ہے تمام مرفوع متصل حدیثیں جو بخاری و مسلم میں ہیں، وہ قطعی طور پر صحیح ہیں اور تواتر کے ساتھ ان کے مصنفین تک پہنچی ہیں۔ اور صحیح بخاری و مسلم، حقیقت ہے کہ جو شخص بخاری اور مسلم کی کسی امر میں توہین کرتا ہے وہ بدعتی ہے اور مومنین کی راہ سے بھٹکا ہوا ہے۔ اکثر علماء احناف کی زیادہ تر کوشش رہی ہے کہ جو حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ان کے مذہب کے خلاف ہے اس کی تاویل بذریعہ نسخ یا تخصیص یا تضعیف کی جائے اور اپنی مستدل روایت کی توثیق و تائید عقلی و نقلی طور پر کی جائے۔ چاہے وہ روایت درایۃً اور روایۃً محدثین کے نزدیک بالکل ضعیف ہو اس پر بھی محققین علمائے احناف صحیحین کی حدیثوں کے قطعی الثبوت ہونے سے انکار نہ کر سکے۔ چنانچہ مولانا انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ نے فیض الباری میں حافظ ابن حجرؒ، علامہ سرخسی حنفی، علامہ ابن تیمیہؒ اور امام ابن صلاح وغیرہم محققین کی جماعت کی یہ تحقیق لکھتے ہوئے کہ صحیحین کی حدیثیں قطعی الثبوت ہیں۔ اپنا فیصلہ یہ لکھتے ہیں۔

"ان رأیهم هو رأیی"

یعنی جو ان محققین کا فیصلہ ہے وہی میرا فیصلہ ہے۔

پس جو شخص بھی بخاری و مسلم کی کسی حدیث پر بھی شک و شبہ کرے اور کسی طرح بھی ان کا توہین کرے وہ بدعتی ہے۔ اور مومنین کے صحیح راستے سے ہٹا ہوا اور گمراہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ایسوں سے محفوظ رکھے۔ آمین۔

مذکورہ بالا دلائل اور حقائق کی روشنی میں میری (بندۂ ناچیز) کی تمام ملت اسلامیہ کے حضرات اور توحید و سنت اور قرآن و حدیث کے جاں نثاروں اور فرمانبرداروں کی خدمت میں اپیل ہے کہ آپ حضرات منکرین حدیث کی گروہ کن تحریک سے اپنے آپ کو علیحدہ رکھئے اور اپنے رفقاء کرام کو بھی علیحدہ رہنے کی تلقین کیجئے۔ ورنہ مجھے خوف ہے کہ جن صحابہ کرام و بزرگان دین کی معرفت حدیث رسول اللہ ﷺ تک پہنچی ہیں۔ ان ہی صحابہ کرام و بزرگان دین کی معرفت کلام خدا (یعنی قرآن کریم) بھی ہم تک پہنچا ہے۔

پس آج جو منکرین حدیث افراد حدیث رسول اللہ کی صحت سے انکار کرتے ہیں اور شک و شبہ ظاہر کرتے ہیں۔ کل کو یہ حضرات کلام اللہ کے ساتھ یہی سلوک کرنے لگیں تو کوئی تعجب نہیں۔

پس اے توحید و سنت اور قرآن و حدیث کے فدائیو!

"اس نازک دور میں اپنے ایمان کی حفاظت کرو"۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو قرآن و حدیث کی خدمت و اشاعت کے لئے زندہ رکھے اور اسی قرآن و حدیث کی خدمت کرتے ہوئے دنیا فانی سے اٹھائے اور جاں نثاران قرآن و حدیث کے ساتھ قیامت میں محشور کرے آمین

— روز قیامت ہر کسے در دست گیرد نامۂ من نیز حاضر می شوم جامع بخاری در بغل

••

مولانا ابوالکلام آزاد

اسلامی سنہ کا آغاز واقعۂ ہجرت سے کیوں؟

اسلام کے ظہور سے پہلے دنیا کی متمدن قوموں میں متعدد سنہ جاری تھے۔ زیادہ مشہور یہودی، رومی اور ایرانی سنین تھے۔ عرب جاہلیت کی اندرونی زندگی اس قدر متمدن نہ تھی کہ حساب و کتاب کو کسی وسیع پیمانہ کی ضرورت ہوتی۔ بجز اس کے جاہلیہ کے "عام الفیل" تھا، یعنی شاہ حبش کے حجاز پر حملہ کرنے کا سال۔ ظہور اسلام کے بعد یہ اہمیت خود عہد اسلام کے واقعات نے لے لی۔ صحابہ کرام کا قاعدہ تھا کہ ظہور اسلام کے واقعات میں سے کوئی اہم واقعہ لیتے اور اسی سے حساب لگاتے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد کچھ عرصہ تک یہی حالت رہی لیکن حضرت عمرؓ کی خلافت کا عہد شروع ہوا تو ممالک مفتوحہ کی وسعت اور دفاتر حکومت کے قیام سے حساب و کتاب کے معاملات زیادہ وسیع ہو گئے۔ اور ضرورت پیش آئی کہ سرکاری طور پر کوئی ایک سنہ ہجری کا تقرر عمل میں آیا۔ اس وقت تک واقعہ ہجرت پر سولہ برس گزر چکے تھے۔

احساس ضرورت اور مشورہ

سنہ ہجری کا تقرر عمل میں آیا تو کیوں؟ حضرت عمرؓ اور تمام صحابہؓ کا ذہن اس طرف گیا کہ اسلامی سنہ کی ابتدا واقعۂ ہجرت سے کی جائے۔

اس بارے میں متعدد روایتیں منقول ہیں سب سے زیادہ مشہور روایت میمون بن مہران کی ہے جسے تمام مورخین نے نقل کیا ہے۔ خلاصہ اس کا یہ ہے کہ ایک مرتبہ ایک کاغذ حضرت عمرؓ کے سامنے پیش کیا گیا جس میں شعبان کا مہینہ درج تھا۔ حضرت عمرؓ نے کہا کہ شعبان سے مقصود کون سا شعبان ہے۔ اس برس کا یا آئندہ برس کا۔ پھر آپ نے سربرآوردہ صحابہؓ کو جمع کیا اور ان سے کہا۔ اب حکومت کے مالی وسائل بہت وسیع ہو گئے ہیں۔ اور جو کچھ ہم تقسیم کرتے ہیں وہ ایک ہی وقت میں ختم نہیں ہو جاتا۔ لہٰذا ضروری ہے کہ حساب و کتاب کے لئے کوئی ایسا طریقہ اختیار کیا جائے کہ اوقات ٹھیک طور پر منضبط ہو سکیں۔ پھر یہ سوال پیدا ہوا کہ اسلامی حکومت کی تاریخ کے لئے جو سنہ اختیار کیا جائے اس کی ابتدا کب سے ہو۔ سب نے اتفاق کیا کہ ہجرت کے برس سے کی جائے۔ چنانچہ سنہ ہجری قرار پایا۔

ابن حبان نے قرہ بن خالد سے ایک دوسری روایت بھی نقل کی ہے ایک دوسرے واقعہ کا ذکر کیا گیا ہے۔ خلاصہ اس کا یہ ہے کہ حضرت عمرؓ کے پاس یمن سے ایک عامل آیا تھا۔ اس نے کہا لکھنے پڑھنے میں آپ لوگ تاریخ نہیں لکھتے۔ اس طرح کہ فلاں بات فلاں سنہ میں واقع ہوئی اور فلاں مہینہ میں ہوئی۔ اس پر حضرت عمرؓ اور لوگوں کو اس طرف کا خیال ہوا۔ پہلے انہوں نے ارادہ کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مبعوث ہونے کے وقت سے سنہ کا حساب شروع کریں۔ پھر خیال ہوا کہ آپ کی وفات سے شروع کیا جائے لیکن آخر میں یہ رائے قرار پائی کہ ہجرت سے سنہ کا تقرر ہو۔

ان روایات کی مزید تشریح امام شعبی کی روایت سے ہوتی ہے خلاصہ یہ ہے کہ:

